"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کِناروں تک پہنچاؤں گا"

(الہام حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ)

ماہنامہ تحریک جدید ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ایڈیٹر
نسیم سیفی

وفا 1360 ہش

جولائی 1981

7
1981

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا"

(الہام حضرت بانی سلسلہ احمدیہ)

ماہنامہ

تحریک جدید

ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

وفا ۱۳۶۰ ہش

جولائی ۱۹۸۱ء

ایڈیٹر

نسیم سیفی

سالانہ چندہ

پاکستان پانچ روپے

فی پرچہ پچاس پیسے

بیرونی ممالک (بحری ڈاک) ایک پونڈ

" " ہوائی ڈاک تین پونڈ

• پبلشر ..... عبدالطیف

• پرنٹر ..... سید عبدالحی

• مطبع ..... ضیاء الاسلام پریس ربوہ

• مقام اشاعت ... دفتر ماہنامہ تحریک جدید دفاتر تحریک جدید انجمن احمدیہ پاکستان

• تاریخ اشاعت ہر ماہ کی دس تاریخ

• فون نمبر ۶۷۸

• تار ۶۷۶

ترتیب

-• سچائی کا آفتاب ادارہ ۲

-• صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کا جماعت احمدیہ ہالینڈ کے نام پیغام ۵

-• کارزارِ اسلام ۷

-• روحانی بہرے آواز نہیں سن سکتے۔ (ارشاد کلام پاک) ۱۳

-• رمضان المبارک آمد اور ہمارا فرض محترم ناظر صاحب اصلاح وارشاد ۱۵

-• فتح نمایاں کی نوید۔ تحریک جدید (نظم) چوہدری شبیر احمد صاحب ۱۷

-• ذوقِ تسخیر (نظم) ۱۸

-• امراء کرام اور صدر صاحبان کی خدمت میں گزارش ۱۹

-• اشتہارات ۲۱ تا ۲۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جلد ۱۶ | ماہنامہ تحریکِ جدید ربوہ | شمارہ ۷

۱۳۶۰ ہش

۱۹۸۱ء

وفا

جولائی

اداریہ

سچائی کا آفتاب

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اگرچہ نائیجیریا میں جماعت احمدیہ کا جلسہ سالانہ عام طور پر دسمبر کے مہینے میں منعقد ہوتا ہے لیکن اس دفعہ تاریخیں بدلنی پڑیں۔ چنانچہ دسمبر ۱۹۸۰ء کی بجائے فروری ۱۹۸۱ء میں جلسہ منعقد کیا گیا۔ اس جلسہ کے لئے حضرت امام جماعت احمدیہ نے جو پیغام ارسال فرمایا وہ قارئین کی خدمت میں ذیل کی سطور میں پیش کیا جاتا ہے حضور ایدہ اللہ نے فرمایا:۔

"پیارے احمدی بھائیو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ معلوم کرکے خوشی ہوئی کہ آپ کی ۳۱ ویں سالانہ کانفرنس منعقد ہو رہی ہے۔ اور یہ کانفرنس آپ کے نئے زیر تعمیر مشن ہاؤس کے میدان میں ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کانفرنس کو ہر لحاظ سے کامیاب کرے۔ اس کی برکات سے آپکو مستفیض کرے نیز نیا مشن ہاؤس جلد مکمل ہو کر آپ کے لئے مبارک اور نائیجیریا میں اسلام کی ترقی کے لئے ایک سنگ میل ثابت ہو۔ آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

آپ کی یہ کانفرنس امسال جماعت احمدیہ کے مرکزی سالانہ جلسہ کی طرح پندرھویں صدی ہجری کی پہلی کانفرنس ہے۔ میری روحانی آنکھ دیکھ رہی ہے کہ یہ صدی انشاء اللہ تعالیٰ غلبۂ اسلام کی صدی ہوگی۔ اس صدی میں اسلام اپنے نورِ حسن اور قوتِ احسان کے ساتھ دنیا کے دلوں کو خدا اور اس کے رسول حضرت محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وسلم کے لئے خدا کے فضل سے جیت لے گا۔ اور اس طرح حضرت ..... کی یہ پُرشوکت پیشگوئی پوری ہو جائے گی کہ

"آخر توحید کی فتح ہوگی ..... وہ دن نزدیک آتے ہیں کہ سچائی کا آفتاب مغرب کی طرف سے چڑھے گا اور یورپ کو سچے خدا کا پتہ لگے گا ..... اس میں داخل ہونے والے بڑے زور سے داخل ہو جائیں گے۔ اور وہی باقی رہ جائیں گے جن کے دل پر فطرت سے دروازے بند ہیں اور جو نور نہیں بلکہ تاریکی سے محبت رکھتے ہیں تریبتے کہ سب ملتیں ہلاک ہونگی۔ مگر اسلام اور سب حربے ٹوٹ جائیں گے۔ مگر اسلام کا آسمانی حربہ کہ وہ نہ ٹوٹے گا نہ کند ہوگا۔

(تذکرہ صفحہ ۱۰۳ رسالت جلد ششم)

غلبۂ اسلام کا یہ دن تو بہرحال آکر رہے گا۔ مگر اس کے لئے ہم سب کو قربانیاں دینی ہونگی۔ اس لئے آؤ ہم یہ عہد کریں کہ پندرھویں صدی میں اسلام کے حق میں جو انقلاب برپا ہو رہا ہے اس کے لئے خدا تعالیٰ ہم سے جو قربانی بھی مانگے گا۔ وہ ہم اس کی راہ میں پوری بشاشت کے ساتھ پیش کریں گے۔ خدا تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

(دستخط) مرزا ناصر احمد .....

اس جلسہ کے لئے محترم وکیل اعلیٰ و وکیل التبشیر حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب نے جو پیغام ارسال فرمایا اس کا متن بھی (ترجمہ) قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔

"مجھے یہ جان کر بہت خوشی ہے کہ آپ فروری کے پہلے ہفتہ میں اپنی سالانہ کانفرنس منعقد کر رہے ہیں۔ مجھے اس سے اور بھی خوشی ہوئی ہے کہ یہ کانفرنس نئی جگہ یعنی احمدیہ سٹیلمنٹ میں منعقد ہو رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ تمہاری اس کانفرنس پر اپنے خاص برکات کی بارش نازل فرمائے اور اللہ تعالیٰ آپ سب کو ان خدائی برکات میں حصہ وافر عطا فرمائے۔ جن کے لئے حضرت اقدس ..... نے متضرعانہ دعائیں کی ہیں کہ ہر اس شخص کو میسر آئیں۔ جو اس قسم کی کانفرنسوں میں شریک ہو اور ہر اس شخص کے لئے بھی جو باوجود کوشش کے ان میں شریک نہ ہو سکے۔

میرے پیارے بھائیو اور بہنو! تمہارا ممکن ان مشنوں میں سے ایک ہے جنہوں نے اللہ تعالیٰ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کے فضل سے بہت بڑی ترقی کی ہے اور یہ ایک حقیقت ہے۔ جس کی طرف حضور ایدہ اللہ نے اپنے دورۂ مغربی افریقہ میں واضح اشارہ کیا ہے اور مجھے یقین ہے کہ حضور کے اس ارشاد سے آپ سب کو بہت خوشی ہوئی ہوگی۔ میں آپ کی توجہ اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں کہ آپ کے علاقوں میں یہ ترقی آپ پر بہت سی ذمہ واریاں عائد کرتی ہے۔ آپ نے نہ صرف اس ترقی کو برقرار رکھنا ہے بلکہ یہ دیکھنا ہے کہ آپ کی اس ترقی میں اور اضافہ ہو۔ اور اس کی رفتار میں اور تیزی پیدا ہو۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ سب کو ان ذمہ داریوں کو پوری طرح ادا کرنے کی توفیق عطا کرے۔ آمین

اس مقام پر میں آپ کی توجہ ایک اہم امر کی طرف منعطف کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ اس زمانہ میں اللہ تعالیٰ نے تمام ادیان پر اسلام کا غلبہ مقدر کر رکھا ہے۔

اس لئے ہمارا اہم فرض ہے کہ ہم غلبۂ اسلام کی مہم میں حصہ لینے کی خاطر خدا تعالیٰ کی رضا پر چلیں۔ اور وہ کام کریں جو خدا تعالیٰ چاہتا ہے۔ خدا تعالیٰ چاہتا ہے کہ ہم حقیقی اور سچے مسلمان بن جائیں اور یہ اس کی مرضی ہے کہ ہم اپنی زندگیاں مکمل طور پر اس مقدس اسلامی تعلیم کے مطابق ڈھال لیں جسے اس زمانہ میں حضرت .... (اقدس) نے پیش فرمایا ہے

اور ہم اپنے قول اور فعل کا جائزہ لیں اور خدا تعالیٰ سے دعا کریں کہ وہ ہمیں اپنے احکام کی تعمیل کی توفیق عطا کرے۔ میں ایک دفعہ پھر دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اس کوشش کو کامیاب بنائے۔ آمین میرا سلام نائیجیریا مشن اور نائیجیریا کی جماعت کے تمام ممبران تک پہنچا دیں اور انہیں میری طرف سے یقین دلائیں کہ میں ہر وقت آپ سب کے لئے دعا کرتا ہوں۔

دستخط مرزا مبارک احمد (کیں اعلیٰ و ذیل البشیر)

مبلغین کرام سے درخواست

آپ کی مفصل رپورٹیں تو جماعت کے روزنامہ میں شائع ہوتی ہی ہیں۔ لیکن ماہنامہ تحریک جدید کا وہ حلقہ جسے یہ روزنامہ میسر نہیں آتا وہ بھی آپ کی کارکردگی سے باخبر رہ کر اپنے ایمانوں کو تازہ کرتے رہنا چاہتا ہے۔ اگر آپ مختصر رپورٹیں جو اہم واقعات پر مشتمل ہوں ماہنامہ تحریک جدید کو ارسال فرمائیں تو ہم سب آپ کے ممنون ہوں گے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب کی عاملہ کیل ایجنسی کی تبشیر

کا

احمدیہ جماعت ہالینڈ کے نام پیغام

بذریعہ مکرم مولانا عبدالحکیم صاحب اکمل

مکرم مولوی عبدالحکیم صاحب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

مجھے یہ معلوم کرکے خوشی ہوئی ہے کہ آپ جون کے پہلے ہفتہ میں جلسہ سالانہ منعقد کرنے والے ہیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کو نمایاں کامیابی عطا فرمائے اور جلسہ کا انتظام کرنے والے اور اس میں شرکت کرنے والوں پر اپنی بے شمار رحمتیں اور برکتیں نازل فرمائے آمین

خاکسار کی طرف سے تمام شرکاء جلسہ سالانہ کو دل کی گہرائیوں سے محبت بھرا السلام علیکم کہہ دیں اور میری طرف سے انہیں یقین دلائیں کہ میں ہمیشہ ان کی دینی و دنیاوی ترقی کے لئے دعا کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ ان دعاؤں کو قبول فرمائے اور میری دعاؤں سے بڑھ کر آپ کو اپنے فضلوں سے نوازے آمین

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ آپ کا یہ جلسہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے مقرر کردہ جلسہ سالانہ کا ظل ہے۔ اس لئے جلسہ کے انتظامات اور جلسہ کی کارروائی کے سلسلہ میں پوری کوشش کی جائے کہ جو مقاصد حضور اقدس نے بیان فرمائے ہیں وہ پورے ہوں۔ اس زمانہ میں اسلام کی صحیح تصویر پیش کرنے اور دنیا کو صحیح طور پر اسلام کرنے کی عظیم ذمہ داری اللہ تعالیٰ نے ہم پر ڈالی ہے ذمہ داری بہت عظیم ہے اور ہم کمزور۔ اگر صرف ہماری کوششوں کا دخل ہو تو یہ ذمہ داری کسی طرح بھی پوری نہیں کی جا سکتی۔ ہم اللہ تعالیٰ کی غیر معمولی مدد کے ساتھ ہی یہ کام سرانجام دے سکتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی مدد حاصل کرنے کے لئے ہمیں اپنی زندگیوں کو اس طرح ڈھالنے کی ضرورت ہے کہ خدا ہم سے خوش ہو جائے اور ہمیں اپنی غیر معمولی مدد سے نواز کر ہماری ذمہ داریوں کو پورا کرنے کی ہمیں توفیق عطا فرما دے۔

آپ تمام بھائیوں اور بہنوں کی توجہ خاص طور پر اس امر کی طرف مبذول کرائیں کہ اسلام کی اشاعۃ

ثانیہ مغرب یعنی یورپ سے خاص تعلق ہے۔
احمدیہ شکل کی رو سے اسلام کا سورج مغرب سے
چڑھے گا اور حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے
بھی فرمایا ہے کہ ؎

آرہا ہے اک طرف احرار یورپ کا مزاج
وہ وقت آن پہنچا ہے کہ یہ پیشگوئی اپنی پوری
شان کے ساتھ پوری ہو۔ اور

یورپ کے باشندے دھڑا دھڑ اسلام میں داخل
ہوں اور یورپ سے چڑھنے والے سورج کی شعاعیں
تیزی سے تیز تر ہونے لگیں۔ اس صورت میں یورپ کے
احمدی باشندوں کی ذمہ واریاں بہت بڑھ جاتی
ہیں۔ آپ سب کا فرض ہے کہ مل جل کر تبلیغ اسلام
کے کام کو آگے بڑھائیں اور ہر ذی روح تک اسلام
کا پیغام پہنچانے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں
آپ سب اسلام کی تعلیم پر اس طرح عمل پیرا ہوں کہ
دوسرے لوگ آپ کو دیکھ کر اسلام کی خوبیوں کے
معترف ہو جائیں۔

سب مل کر اللہ تعالیٰ سے دعا بھی کریں کہ
ہم سب کی حقیر کوششوں کو نوازے اور نہ ہماری کوششوں
کے مطابق بلکہ اپنے وعدہ کے مطابق نتائج پیدا فرمائے۔
اور اسلام کا غلبہ جو اس نے مقدر کر رکھا ہے اسے
قریب سے قریب تر لاکر لازوال جلا بخشے آمین۔

میں ایک دفعہ پھر آپ سب کو اس بات کا یقین
دلاتا ہوں کہ میری دعائیں آپ کے ساتھ ہیں اللہ تعالیٰ
آپ کا حامی و ناصر ہو۔ آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

رمضان اور عید الفطر

ماہنامہ تحریک جدید کا یہ اشوع عام حالات
میں دس جولائی کو شائع ہو جانا چاہیئے تھا۔ لیکن جیسا کہ
کچھ عرصہ سے یہ پرچہ تاخیر سے طبع ہو رہا ہے۔ یہ
پرچہ بھی دس جولائی کو شائع نہیں ہو سکا اور اسی طرح
اس سے اگلا پرچہ عید سے پہلے شائع نہ ہو سکے گا۔

ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ
تمام مسلمانوں کو حسب ارشاد خداوندی روزے رکھنے
کی توفیق عطا فرمائے اور روزوں کا جو مقصد و منتہا
ہے اس سے انہیں ہمکنار کرے آمین۔

اسی طرح ہم ان سطور کے ذریعہ دنیا بھر کے
مسلمانوں کو عید مبارک پیش کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ
اس عید کو اور آئندہ ہر آنے والی عید کو اور آئندہ
ہر آنے والی عید کو اسلام اور مسلمانوں کو سربلندی
کا باعث بنائے۔ اور ہمارے ذریعہ دنیا کے ہر کونے
میں بسنے والی ہر قوم کو اللہ تعالیٰ کے اس آخری پیغام
سے کما حقہ فائدہ اٹھانے کی توفیق سے نوازے۔
آمین (تحریک جدید)

۔۔ اگر آپ کسی کو اسلام یا عیسائیت سے متعلق لٹریچر دینا
چاہیں تو شعبہ تصنیف وکالت تبشیر ربوہ
سے رابطہ پیدا کریں۔

کارہائے نمایاں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

امریکہ: اللہ تعالیٰ کے فضل سے اگرچہ مقامی جماعت کی تعداد ٹرینٹن میں دیگر مذاہب کے مقابلہ میں نہایت ہی قلیل ہے

ہو رہا ہے۔ پچھلے دنوں شہریوں کی طرف سے کورٹ سکیئر میں اٹلانٹا کے مقتولین سے اظہار ہمدردی کرنے اور قاتلوں کی مذمت کرنے کے سلسلہ میں جو جلسہ ہوا اس میں بائیبل اور دیگر مذہبی کتب کی تلاوت سے پہلے اس جلسہ کی ابتداء قرآن کریم کی تلاوت سے ہوئی جو خاکسار نے کی۔ وہ قرآن کریم جس کا بہتوں نے کبھی نام بھی نہ سنا تھا۔ اس سٹیج پر خاکسار کا تعارف متعدد سیاسی اور مذہبی لیڈروں سے بحیثیت مسلم مشنری کروایا گیا تھا۔

اسی طرح پچھلے ہفتہ جب یوم بانیٔ سلسلہ عالیہ احمدیہ پر ہونے والے جلسہ میں شامل ہونے کی درخواست کرنے کے لئے میں آنریبل میئر سے ملا تو انہوں نے باوجود انتہائی مصروفیت کے ۲۲ مارچ اتوار پچھلے پہر کی مصروفیات کو اس طرح ترتیب دیا کہ وہ نصف گھنٹہ ہمارے جلسہ میں آنے کے لئے نکال سکیں۔ چنانچہ مقررہ وقت پر اپنی اہلیہ محترمہ کے ساتھ تشریف لائے (اہلیہ محترمہ علیحدہ کمرہ میں پردہ کے پیچھے دیگر مستورات میں بیٹھیں)

یہ اجلاس (جس میں میئر زیر تبلیغ و تربیت علاقہ نڈولیسٹ اور لیکس ریجنز کے مشاورتی وفود و صدر نمائندہ افراد موجود تھے۔ اور جن کا انعقاد عین شہر کے وسط میں کنونشن سنٹر میں ہوا اور جس کے متعلق ہماری پریس ریجنز کے مطابق شہر کے دونوں اخباروں نے قبل از وقت خبریں شائع کیں اور جس کا اعلان شہر کے گنجان آباد علاقہ میں بجلی کے بڑے بورڈ پر ایک ہفتہ بھر وقفوں کے بعد دیگر تقاریب کے ساتھ پڑھا جاتا رہا) بدر مظفر احمد نیشنل امیر کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں خطاب کرنے کے لئے محترم میر محمود احمد صاحب ناصر (اور ان کی اہلیہ صاحبزادی امتہ المتین لمہا للجنہ کو دعوت پر تشریف لائے ہوئے تھے۔ پروگرام کے مطابق پہلے آنریبل میئر مگھی کی آمد پر طبع شدہ پروگرام کے مطابق جس میں حضرت بانیٔ سلسلہ کی تصویر اور سلسلہ کی مختصر تاریخ بھی موجود تھی قرآن کریم کی تلاوت سے شروع ہوا جو خاکسار نے کی۔ بعدہ میئر موصوف اور میر صاحب کا تعارف کروایا گیا۔

اس کے بعد محترم میر صاحب نے ان کی موجودگی میں مختصر تقریر میں ان کا شکریہ ادا کیا۔ اور قرآن کریم

Digitized by Khilafat Library Rabwah

اور بعض اسلامی کتب تحفۃً ان کی خدمت میں پیش کیں
جن کو انہوں نے بڑی خوشی سے قبول کیا اور اپنی
اہلیہ محترمہ کے ساتھ ایک اور تقریب میں شامل ہونے
کے لئے جس کے لئے وہ پہلے سے وقت دے
چکے تھے تشریف لے گئے۔

مختصر وقفہ کے بعد اجلاس دوبارہ شروع ہوا
جس میں محترم میر محمود احمد صاحب نے ڈیڑھ گھنٹہ تک
مؤثر اور عالمانہ تقریر کی جس میں اسلام کی تعلیم کا
محور، حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا مقام اور ان
تعلیم کو پھیلانے کے سلسلہ میں جماعت احمدیہ کی
ذمہ داریوں کے پہلوؤں کو واضح کیا۔ اس اہم تقریر کے
بعد خاکسار نے قرآن کریم کے بیان کردہ صداقت
پرکھنے کے معیاروں کی روشنی میں حضرت بانی سلسلہ
عالیہ احمدیہ کی صداقت پر تقریر کی جس میں خاص طور پر
دعوے سے پہلے کی زندگی کے پاک ہونے کے معیار
کی وضاحت کی۔ میرے علاوہ برادرم محمد پرویز خان
لیفٹیننٹ لوئیس اور برادر رمبل ارحمن صاحب صدر پٹسبرگ
نے بھی اسلام اور احمدیت کے متعلق مختصراً اپنے خیالات
کا اظہار کیا اور دعا اور نماز کے بعد اجلاس نہایت
کامیابی سے اختتام پذیر ہوا۔

اس سے پہلے ایک سے دو بجے تک لجنہ اماء اللہ
نے جس کی ممبرات دور و نزدیک سے (ملواکی واکیشن
سٹریم وڈ۔ ڈیلاٹ۔ ونڈسر (کینیڈا) پٹس برگ۔
کلیولینڈ۔ سینٹ لوئیس رشمانی اور ہیلسکوٹی) تقریباً
تیس کی تعداد میں بڑے اخلاص اور ذوق و شوق کے
جذبات سے معمور شامل تھیں۔ انہوں نے صاحبزادی
امۃ المتین کے اعزاز میں استقبالیہ جلسہ مسجد فضل عمر
میں منعقد کیا۔ اس تقریب میں آنریبل میئر کی اہلیہ محترمہ
بھی شامل ہوئیں۔ جنہوں نے اپنے شوہر محترم کی ہدایت
کے مطابق ان کی طرف سے حضرت بانی سلسلہ احمدیہ
کی پوتی کے ان شہر میں وارد ہونے کے اعزاز میں
شہر کی طرف سے کنجی Key to the City
پیش کی۔ صاحبزادی صاحبہ نے اپنی طرف سے
قرآن کریم کا نسخہ پیش کیا۔ اس تقریب پر موقعہ کی مناسبت
سے مقامی، علاقائی اور نیشنل عہدہ داروں نے تقاریر
بھی کیں اور اس طرح یہ تقریب سلسلہ اور اسلام کے
ذکر کا مؤثر ذریعہ بن گئی۔ حضور انور ایدہ اللہ کے
۱۹۷۶ء کے ڈیٹن کے دورہ کے بعد سے شہر کے
حکام بالخصوص آنریبل میئر سلسلہ احمدیہ اور خاندان
حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ سے اپنی محبت کا اظہار
کرتے رہتے ہیں۔ اب کے بھی شہر کی چابی انہوں نے از
خود بغیر میری یا جماعت کے کسی فرد کے ایماء یا اشارہ
کے حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کی پوتی کو اپنی اہلیہ کی
وساطت سے پیش کرنے کا اہتمام کیا۔ اس تقریب
کا ایک خاص خوشکن پہلو یہ ہے کہ امریکہ ایسے آزاد
ملک میں جہاں خالص عورتوں کے محض عورتوں کے لئے
اجلاس کا تصور بھی نہیں ہو سکتا۔ پردہ کی اہمیت اور اسلامی
تعلیم کا احترام کر رہا ہے۔ یہاں تک کہ ایک خاتون نے
ہی (نہ کہ کسی مرد نے) یہ تحفہ پیش کیا۔ الحمد للہ

خاکسار میاں محمد ابراہیم

Digitized by Khilafat Library Rabwah

سیرالیون

مکرم مولوی عبدالعزیز صاحب دین
شاہد مقیم بوآجے بو تحریر فرماتے ہیں:-

۵ اپریل کو آنریبل مساکوئے ریذیڈنٹ منسٹر مشرقی صوبہ اپنے سرکاری دورہ پر بوآجے بو تشریف لائے تو اسی دن شام کو خاکسار اور مکرم ملک مبارک احمد صاحب نذیر پرنسپل احمدیہ سیکنڈری سکول بوآجے بو ان سے ان کی رہائش گاہ پر ملے۔ موصوف ہمیں بڑے تپاک سے ملے اور کافی دیر تک ہم سے مشن کے بارے میں گفتگو فرماتے رہے۔ جب ہم نے انہیں بتایا کہ بوآجے بو میں جماعت احمدیہ کی سنٹرل مسجد، مشن ہاؤس سکول اور ہسپتال موجود ہیں تو آپ بہت خوش ہوئے اور احمدیہ اداروں کو دیکھنے کی خواہش کا اظہار فرمایا چنانچہ اگلے دن یعنی ۶ اپریل کو کورٹ باری میں ہزاروں لوگوں کو خطاب کرنے کے بعد آپ باہر نکلے تو خاکسار اور مکرم مبارک احمد صاحب نذیر ان سے ملے۔ اور آپ ہمارے ساتھ احمدیہ مشن کی طرف روانہ ہو گئے۔ آپ اپنی سرکاری گاڑی میں تھے۔ دو گاڑیاں پولیس کی تھیں۔ اس کے علاوہ علاقہ کے بعض اور معززین بھی اپنی اپنی کاروں میں قافلہ میں شامل ہو گئے۔

مکرم مبارک احمد صاحب نذیر اپنی کار میں جبکہ آپ خود ڈرائیو کر رہے تھے سب سے آگے تھے جب یہ قافلہ احمدیہ مسجد اور مشن ہاؤس کے سامنے سے گزرتے ہوئے بڑی سڑک پر آیا۔ اور وہاں سے سکول کی طرف روانہ ہوا تو لوگ سڑک کے دونوں کناروں پر کھڑے اس نظارہ کو دیکھ رہے تھے۔ اس نظارہ نے غیر از جماعت لوگوں پر جن میں عیسائی بھی شامل تھے عجیب اثر پیدا کیا۔ وزیر موصوف نے احمدیہ سیکنڈری سکول پہنچ کر فزکس اور کیمسٹری دونوں لیبارٹریوں کا معائنہ کیا۔ آپ بہت خوش ہوئے اور سکول کی لاگ بک میں اپنے تاثرات کو بہت عمدہ الفاظ میں تحریر کیا۔

قرآن کریم کا تحفہ: جب آپ سکول سے جانے لگے تو خاکسار (عبدالعزیز شاہد) نے تمام سرکاری و غیر سرکاری احباب کی موجودگی میں وزیر مملکت کی خدمت میں اور اسلامی لٹریچر کا عظیم تحفہ پیش کیا۔ جسے آپ نے بڑی محبت اور احترام سے قبول کیا اور اس پر اپنی خوشی کا اظہار کیا۔

اس کے بعد وزیر صاحب موصوف اسی طرح قافلہ کی شکل میں احمدیہ نصرت جہاں کلینک میں تشریف لے گئے۔ جہاں مکرم ڈاکٹر شریف احمد صاحب کوکب انچارج کلینک نے آپ کا استقبال کیا اور ہسپتال کے بارہ میں تفصیلات سے آگاہ کیا۔ وزیر موصوف نے ہسپتال کے وارڈ کا معائنہ فرمایا مریضوں سے ملاقات کی۔ آپریشن تھیٹر اور دوسرے کمروں کو دیکھ کر آپ بہت متاثر ہوئے اور فرمایا۔

واقعی احمدیہ مشن سیرالیون ملک کی بہت خدمت کر رہا ہے۔

اس کے بعد آپ واپس تشریف لے گئے۔ آپ کا مشن کے اداروں کو دیکھنا نہ صرف آپ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پر بہت اچھے اثر کا موجب ہوا جبکہ غیروں کی نگاہ میں احمدیہ مشن کی عظمت میں مزید اضافہ ہوا۔

فجی فجی کی پہلی تربیتی کلاس کے انعقاد کے موقعہ پر سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ نے جو پیغام ارسال فرمایا اس کا متن پیش خدمت ہے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
نحمدہٗ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

ھُوَ النَّاصِرُ

پیارے احمدی بھائیو!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

مجھے یہ معلوم کرکے بے حد خوشی ہوئی کہ گزشتہ سال کی طرح اس دفعہ بھی آپ کی تربیتی کلاس منعقد ہو رہی ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ اس میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شریک ہوں گے۔ اور جو کچھ آپکو پڑھایا سکھایا جائے گا۔ آپ اسے توجہ اور غور سے سنیں گے اور نہ صرف اسے یاد رکھیں گے بلکہ اس پر غور و تدبر کرکے اپنے ذہنوں میں مزید جلا پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ جو کچھ آپ سیکھیں گے اس پر آپ خود بھی عمل کریں گے اور اپنے حلقے کے دوسروں کو بھی عمل پیرا ہونے کی تلقین کریں گے۔ اللہ تعالیٰ آپکو اس کی توفیق عطا فرمائے آمین

ہمیں یہ امر مدنظر رکھنا چاہیئے کہ اس وقت جماعت احمدیہ اپنی زندگی کے اہم اور نازک دور میں سے گزر رہی ہے۔ اس دور میں اپنی دینی ذمہ داریوں کو پورا کرنے کے لئے اپنے تئیں تیار کریں۔ خدا کی باتیں پوری ہو کر رہیں گی۔ ساری دنیا کے دل اسلام کے نور سے منور ہوں گے۔ اور حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت دلوں میں پیدا ہوگی۔ مگر اس عظیم مہم میں ہمیں بے انتہا قربانیاں پیش کرنی ہونگی۔ یہ قربانیاں پیش کرنے کے لئے ابھی سے اپنے تئیں تیار کریں۔ یہ کام خدا کے فضل سے ہوگا۔ ہم کیا اور ہماری قربانیاں کیا۔ اللہ تعالیٰ کے اور زیادہ فضلوں کو کھینچنے کے لئے بہت دعاؤں کی عادت ڈالیں۔

اللہ تعالیٰ ہر بات پر قادر ہے اس کے سامنے کوئی بات انہونی نہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ ہم اللہ کے حضور عاجزانہ جھکیں اور اس سے مدد کے طالب بنیں۔

(دستخط) مرزا ناصر احمد

اس کلاس کے سلسلہ میں مکرم حافظ عبدالحفیظ صاحب مبلغ مقیم نادی لکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و رحم کے ساتھ احمدیہ مشن فجی نے مورخہ ۲۹ شہادت تا یکم امان ایک ہفتہ کی تعلیمی و تربیتی کلاس کے انعقاد کی توفیق

Digitized by Khilafat Library Rabwah

عاص کی۔ الحمد للہ یہ کلاس جزائر فجی کے دارالحکومت
صووا کی وسیع و عریض مسجد فضل عمر میں منعقد کی گئی قبل
ازیں خاکسار نے جزیرہ ونوالیو ویتی لیوو کے ویسٹرن ریجن
کی جماعتوں میں پندرہ پندرہ روزہ تربیتی تعلیمی کلاسوں کا
انعقاد کیا تھا۔ اب اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے
جزائر فجی میں پہلی سالانہ تربیتی کلاس کے انعقاد
کی توفیق بخشی۔ الحمد للہ

پروگرام کی اشاعت۔ محترم امیر و مشنری انچارج صاحب
کی زیر نگرانی خاکسار نے کلاس کا پروگرام مرتب کیا شائع
ہونے کے بعد تمام جماعتوں کو بھجوا دیا گیا۔

خاکسار نے ویسٹرن ریجن کی جماعتوں کے ہنگامی دورے
کے خدام و اطفال کو کلاس میں شرکت کے لئے تیار کیا

سویڈن مکرم حامد کریم صاحب محمود مبلغ انچارج سویڈن
مشن نے اطلاع دی ہے کہ اسلام میں
دلچسپی بڑھ رہی ہے۔ اور تقریباً ہر روز کوئی نہ کوئی گروپ
مسجد دیکھنے یا اسلامی تعلیمات کے متعلق واقفیت حاصل
کرنے کے لئے آتے رہتے ہیں

مکرم محمود صاحب لکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اپریل اور مئی کے دوران
تبلیغ اسلام اور قرآنی تعلیم کو لوگوں تک پہنچانے کا
موقعہ ملا۔ اس دوران مختلف مڈل سکول۔ کالج یونیورسٹی
ٹیچر ٹریننگ سکول کے اساتذہ پنشنرز اور معذور لوگوں
کے متعدد گروپ مسجد ناصر میں تشریف لائے اور ہر
گروپ اوسطاً ایک گھنٹہ مسجد میں ٹھہر کر اسلام کی
باتیں سنتا رہا۔ عام طریق یہ ہے کہ شروع میں اسلام کے
متعلق ابتدائی معلومات بتا دی جاتی ہیں اور بعد میں تمام
سوالات کی دعوت دی جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل
سے یہ سلسلہ بہت کامیابی سے جاری ہے۔

اخبارات والے بھی انٹرویو لے کر شائع کرتے
ہیں تو اس سے کافی وسیع حلقہ تک ہمارے خیالات پہنچ
جاتے ہیں۔ ایک انٹرویو کے متعلق وہ لکھتے ہیں۔

۲۹ اپریل کو گاتھن برگ کے ایک کثیر الاشاعت
شام کے اخبار G.T کا ایک نمائندہ ۱۱ بجے مسجد آیا
اور قریباً ۶ گھنٹے تک مسجد میں ٹھہر کر اس نے خاکسار
کا اسلام کے مختلف عنوانات پر انٹرویو لیا۔

زیر بحث موضوع پر اس نے خاص دلچسپی لی۔ اس
انٹرویو کے موقعہ پر برادرم شیخ موسیٰ صاحب بھی شامل
تھے۔ بعد میں نماز ادا کرتے ہوئے اور مسجد کے باہر بھی
مختلف اطراف سے انہوں نے مسجد کے فوٹو اتارے۔
آخر میں کھانا پیش کیا گیا

کینیڈا مجلس خدام الاحمدیہ جماعت کی نہایت
فعال تنظیم ہے۔ اب بیرونی ممالک میں
بھی اللہ تعالیٰ کے فضل سے نوجوان اس میں روز افزوں
دلچسپی لے رہے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان نوجوانوں کو
ایمانی حرارت سے کام لیتے ہوئے اسلام کی بیش از بیش
خدمات کی توفیق دے آمین۔

ٹورنٹو کینیڈا میں مجلس خدام الاحمدیہ کے پہلے
سالانہ اجتماع کی رپورٹ پیش خدمت ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

مجلس خدام الاحمدیہ ٹورانٹو کینیڈا کا پہلا سالانہ اجتماع

اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مجلس خدام الاحمدیہ ٹورانٹو کینیڈا کا پہلا سالانہ اجتماع مورخہ ۱۴، ۱۵ مارچ ۱۹۸۱ء کو بیت العافیت، مشن ہاؤس میں منعقد ہوا جو محض اللہ تعالیٰ کے احسان سے نہایت کامیاب اور بابرکت رہا۔

خدام نے اجتماع کے پروگراموں میں بڑے شوق کے ساتھ بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ اس روحانی اور برکتوں سے معمور محفل کے بعض نمایاں پروگرام یہ تھے۔

- نماز پنج وقتہ اور نماز تہجد کی باجماعت ادائیگی
- قرآن کریم اور احادیث نبوی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم کا درس
- کتب حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کا درس
- علمی اور تربیتی تقاریر
- مختلف قیادتوں کی طرف سے رپورٹ کارگزاری
- علمی اور ورزشی مقابلے
- خدام کا مشن ہاؤس میں ہی رات بھر قیام
- اور اپنا کھانا خود تیار کرنا وغیرہ

اس تاریخی اجتماع میں ۳۵ خدام نے شرکت کی اور اپنا سارا وقت اپنے رب کریم کے فضلوں اور برکتوں اور رحمتوں کو جذب کرنے اور اس کی رضا کے حصول کی کوشش میں گزارا۔ علمی اور ورزشی مقابلوں میں نمایاں پوزیشن حاصل کرنے والوں کو انعامات اور کتب انعام کے طور پر تقسیم کی گئیں۔ آخر پر مولوی نیر الدین صاحب شمس ایجارج مشنری نے اختتامی خطاب فرمایا۔ دعا کے ساتھ سرزمین کینیڈا پر مجلس خدام الاحمدیہ کا پہلا سالانہ تاریخی اجتماع اختتام پذیر ہوا۔ اور خدام اپنے رب کریم کی رحمتوں اور فیوض سے اپنی جھولیاں بھر کر اپنے گھروں کو واپس ہوئے۔ اس اجتماع میں تمام خدام نے بڑی محنت اور لگن اور جذبہ کے ساتھ کام کیا۔ فجزاھم اللہ احسن الجزاء وعافیہ ان کی صحت اور علم اور رزق میں برکت دے۔

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ کے فرزند موعود نے فرمایا۔

وسیع مکانات کے الہام میں بھی اس امر کی طرف اشارہ کیا گیا ہے کہ جب مشکلات آئیں تو اس وقت زمین پر پھیل جانا اور اپنی تعداد کو بڑھانے کی کوشش کرنا۔ پس اللہ تعالیٰ نے ہماری تبلیغی کاوشوں کے ایک طرف تو ہمیں یہ بتا دیا ہے کہ اپنے مرکز کو مضبوط کرو اور دوسری طرف یہ بتایا ہے۔ کہ تم چین اور جاپان اور امریکہ اور افریقہ اور سکنڈے نیوین سیٹلمنٹس اور دوسرے ممالک میں چلے جاؤ اور دنیا میں پھیلتے جاؤ۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تو ان سے کہہ دے کہ میں تو تم کو ہوشیار کر رہا ہوں

اور خوب سمجھتا ہوں کہ روحانی بہرے آواز نہیں سن سکتے

سَاُورِیْکُمْ اٰیٰتِیْ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْنِ ۝ وَیَقُوْلُوْنَ مَتٰی ھٰذَا الْوَعْدُ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ ۝ لَوْ یَعْلَمُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا حِیْنَ لَا یَکُفُّوْنَ عَنْ وُّجُوْھِھِمُ النَّارَ وَلَا عَنْ ظُھُوْرِھِمْ وَلَا ھُمْ یُنْصَرُوْنَ ۝ بَلْ تَاْتِیْھِمْ بَغْتَۃً فَتَبْھَتُھُمْ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ رَدَّھَا وَلَا ھُمْ یُنْظَرُوْنَ ۝ وَلَقَدِ اسْتُھْزِئَ بِرُسُلٍ مِّنْ قَبْلِکَ فَحَاقَ بِالَّذِیْنَ سَخِرُوْا مِنْھُمْ مَّا کَانُوْا بِہٖ یَسْتَھْزِءُوْنَ ۝ قُلْ مَنْ یَّکْلَؤُکُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ مِنَ الرَّحْمٰنِ ؕ بَلْ ھُمْ عَنْ ذِکْرِ رَبِّھِمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝ اَمْ لَھُمْ اٰلِھَۃٌ تَمْنَعُھُمْ مِّنْ دُوْنِنَا ؕ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ نَصْرَ اَنْفُسِھِمْ وَلَا ھُمْ مِّنَّا یُصْحَبُوْنَ ۝ بَلْ مَتَّعْنَا ھٰٓؤُلَآءِ وَاٰبَآءَھُمْ حَتّٰی طَالَ عَلَیْھِمُ الْعُمُرُ ؕ اَفَلَا یَرَوْنَ اَنَّا نَاْتِی الْاَرْضَ نَنْقُصُھَا مِنْ اَطْرَافِھَا ؕ اَفَھُمُ الْغٰلِبُوْنَ ۝ قُلْ اِنَّمَآ اُنْذِرُکُمْ بِالْوَحْیِ ۚ وَلَا یَسْمَعُ الصُّمُّ الدُّعَآءَ اِذَا مَا یُنْذَرُوْنَ ۝ وَلَئِنْ مَّسَّتْھُمْ نَفْحَۃٌ مِّنْ عَذَابِ رَبِّکَ لَیَقُوْلُنَّ یٰوَیْلَنَآ اِنَّا کُنَّا ظٰلِمِیْنَ ۝

(الانبیاء، آیات ۳۸ تا ۴۷)

ترجمہ۔ (یاد رکھو) میں تم کو اپنے نشان دکھاؤں گا، پس تم جلد بازی سے کام نہ لو۔ اور (یہ سنکر) وہ کہتے ہیں کہ اگر تم لوگ (یعنی مسلمان) سچے ہو تو یہ وعدہ کب پورا ہوگا؟ اگر کفار اس گھڑی کو جان لیتے جبکہ وہ نہ اپنے مونہوں سے اور نہ اپنی پیٹھوں سے آگ کو ہٹا سکیں گے اور نہ کسی کی طرف سے انکی مدد کی جائے گی (تو وہ اتنی تعلّی نہ کرتے۔) لیکن (وہ عذاب) ان کے پاس اچانک آئے گا اور ان کو حیران کر دے گا۔ پس وہ اس کو رَدّ کرنے کی طاقت نہیں رکھیں گے۔ اور نہ ان کو کوئی مہلت دی جائیگی۔ اور (اے محمد صلے اللہ علیہ وسلم) تجھ سے پہلے جو رسول گزرے ہیں۔ ان سے بھی ہنسی کی گئی تھی۔ پس

نتیجہ یہ ہوا کہ جنہوں نے ان رسولوں سے ہنسی کی تھی ان کو انہی باتوں نے آگھیرا۔ جن کے ذریعہ سے وہ نبیوں کی ہنسی اڑاتے تھے۔ تو کہہ دے کہ رات یا دن کے وقت رحمٰن (خدا) کی گرفت سے تم کو کون بچا سکتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ہم نے ان کو بھی اور ان کے باپ دادوں کو بھی بہت سامان و متاع دے رکھا تھا۔ یہاں تک کہ ان پر ایک لمبا زمانہ گزر گیا۔ پس کیا یہ نہیں دیکھتے کہ ہم ان کی زمین کی طرف بڑھ رہے ہیں۔ اور کناروں کی طرف سے اسے چھوٹا کرتے جا رہے ہیں تو کیا (اس سے یہی نتیجہ نکلتا ہے کہ) وہ غالب آئیں گے۔ تو ان سے کہہ دے کہ میں تم کو وحی کے ذریعہ سے ہوشیار کر رہا ہوں اور (خوب سمجھتا ہوں کہ) جب (روحانی بہروں کو ہوشیار کیا جائے تو وہ آواز نہیں سن سکتے۔ اور اگر ان کو تیرے رب کے عذاب کی گرمی کا کوئی جھونکا لگ جائے تو وہ ضرور کہیں گے ہم پر افسوس ہم تو ظلم ہی کرتے رہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

تلاوت قرآن مجید

تلاوت قرآن مجید ہم سب کا فریضہ ہے۔ والدین کا بھی اور بچوں کا بھی۔ اور اس سلسلہ میں یہ بھی ضروری ہے کہ قرآن مجید کو سمجھنے کے لئے ہم بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ اور سلسلہ کے خلفاء کرام کی دری نوٹ اور تفاسیر کو زیر مطالعہ رکھیں۔

الٰہی بشارت

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ نے فرمایا:۔

"میں تو ایک تخم ریزی کرنے آیا ہوں۔ سو میرے ہاتھ سے وہ تخم بویا گیا اور اب وہ بڑھے گا اور پھولے گا۔ اور کوئی نہیں جو اس کو روک سکے۔"

(تذکرۃ الشہادتین)

رمضان المبارک کی آمد اور ہمارا فرض

Digitized by Khilafat Library Rabwah

محترم ناظر صاحب اصلاح وارشاد - ربوہ

اب رمضان کی آمد آمد ہے۔ برکتوں اور رحمتوں سے معمور دن قریب آرہے ہیں۔ گویا یہ روحانی موسم بہار کا وقت قریب ہے ہمیں یہ عزم کر لینا چاہیئے کہ ان مبارک دنوں سے ہم بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ حضرت اقدس رمضان کی برکتوں کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"رمضان کا مہینہ مبارک مہینہ ہے دعاؤں کا مہینہ ہے۔"

نیز فرمایا:۔

"میری تو یہ حالت ہے کہ مرنے کے قریب ہو جاؤں تب روزہ چھوڑتا ہوں طبیعت روزہ چھوڑنے کو نہیں چاہتی یہ مبارک دن ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل و رحمت کے نزول کے دن ہیں"

(الحکم ۲۴ جنوری ۱۹۰۱ء)

رمضان کے دوران ہمارے فرائض کیا ہیں اور اس کی برکات سے ہم کس طرح متمتع ہو سکتے ہیں:

اس بارہ میں آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا ایک جامع خطبہ ہمیں احادیث میں ملتا ہے جو حضورؐ نے رمضان کی آمد سے ایک دن پہلے ارشاد فرمایا اور اس میں صحابہ رضوان اللہ علیہم کو ماہ رمضان کی برکات بتا کر اس سے پورے طور پر فائدہ اٹھانے کی تلقین فرمائی احباب کی یاددہانی کے لئے اس خطبہ کا ترجمہ درج ذیل ہے۔

حضرت سلمان فارسی روایت کرتے ہیں کہ ماہ شعبان کے آخری دن رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطاب کرتے ہوئے فرمایا۔

اے لوگو برکت اور عظمت والا ایک مہینہ تم پر آرہا ہے۔ اس مہینہ میں ایک ایسی رات آتی ہے جو برکت کے لحاظ سے ایک ہزار مہینہ سے بڑھ کر ہوتی ہے۔ اس میں روزے اللہ تعالیٰ نے فرض قرار دیئے۔ اور رات کے قیام (یعنی نماز تہجد) کو بطور نفل مقرر کیا ہے۔ جو شخص تقرب کی نیت سے اس مہینہ میں کوئی نیکی بجالاتا ہے۔ تو اس کا ثواب عام دنوں میں ایک فریضہ ادا کرنے کے برابر ہوگا۔ اور اس میں ایک فرض کی ادائیگی کا ثواب دوسرے دنوں کے ستر فرائض کے مساوی دیا جائے گا۔ یہ صبر کی مشق کا مہینہ ہے۔ اور صبر کرنے کا انعام جنت ہے

یہ باہمی الفت و ہمدردی کو بڑھانے کا مہینہ ہے۔
اس مہینہ میں مومنوں کے رزق میں وسعت دی
جاتی ہے۔ جو شخص اس ماہ میں کسی روزہ دار کو
افطاری کراتا ہے۔ اس کا یہ فعل اس کے لئے
مغفرت اور آگ سے نجات کا ذریعہ بن جائے گا۔
اور اسے روزہ دار کے برابر ثواب ملے گا۔ جبکہ روزہ دار
کے ثواب میں کوئی کمی نہیں کی جائے گی۔

راوی کہتے ہیں ہم نے عرض کیا اے اللہ کے
رسول! ہم سے ہر ایک کو افطاری کرانے کی
استطاعت نہیں۔ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم
نے فرمایا۔ اللہ تعالےٰ یہ ثواب ہر اس شخص کو دیگا
جو تھوڑے سے دودھ یا پانی سے ہی روزہ افطار
کرائے گا اں جو کسی روزہ دار کو پیٹ بھر کر کھلائیگا۔
اسے اللہ تعالےٰ میرے حوض سے اتنا شربت پلائیگا
کہ جنت میں داخل ہونے تک اسے پھر پیاس نہیں
لگے گی۔

اس ماہ کا اوّل حصہ سراسر رحمت ہے درمیانی
مغفرت کا سبب ہے۔ اور آخری حصہ آگ سے
نجات حاصل کرنے کا ذریعہ ہے۔ جو شخص اس مہینہ
میں اپنے ماتحتوں کے کام میں روزہ کی وجہ سے
تخفیف کردے۔ اللہ تعالےٰ اس کے گناہ بخش دیگا۔
اور اسے دوزخ سے نجات عطا فرمائے گا۔
(البیہقی)

رسول پاک صلے اللہ علیہ وسلم کے ان ارشادات
سے رمضان کی فضیلت واضح ہو جاتی ہے۔ ہم سب
کا فرض ہے کہ ان بابرکت اور مبارک دنوں
سے پورا پورا فائدہ اٹھا کر اللہ تعالےٰ کی رحمت
اور فضلوں کو حاصل کریں۔ خدا تعالےٰ ہم سب کو
اس کی توفیق عطا کرے آمین

Digitized by Khilafat Library Rabwah

کیا آپ نے تحریک جدید وقف جدید اور جوبلی فنڈ
کے چندے ادا کر دیئے ہیں اگر نہیں ادا کئے
تو اس مختصر نوٹ کو یاد دہانی تصور فرمائیں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

فتح نمایاں کی نوید — تحریکِ جدید

حضرت مصلح موعود کی تحریک جدید!

آج ہر ملک میں ہے رُشد و ہدایت کی کلید
جس کے سایہ میں چلی آئی ہیں اقوامِ جہاں
سُن کے اسلام کی رخشندہ بہاروں کی نوید
جس بھلے دَور میں ظاہر ہوا رحمت کا نشاں
خوش نصیبی سے ملا ہم کو وہی دَورِ سعید
ہے وہی مَے وہی میخانہ تو جامِ قدیم
آج ساقی کی مگر بزم میں ہے شانِ جدید
جس نے دیکھا ہے بصیرت کی نگاہوں سے اسے
اُس جہاں میں ہی میسّر ہے اُسے خُلد کی دید
ہم ہیں انصار اسی دینِ متیں کے شبّیر
جس کو اللہ نے دی فتح نمایاں کی نوید

چوہدری شبیر احمد

ذوقِ تسخیر

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خیال پہروں کی زد میں آکر زباں کو تاثیر دے رہا ہے
ہر اک خرابہ مرے ارادوں کو عزمِ تعمیر دے رہا ہے
مرا ستارہ بلندیوں پر نگاہِ بد میں کھٹک رہا ہے
مرے حریفانِ پنجہ کش کو وہ خوفِ تقدیر دے رہا ہے
جو آج لہروں سے کھیلتے ہیں بھنور ہے جنکی نظر سے اوجھل
انہیں سمندر کا قطرہ قطرہ شعورِ تدبیر دے رہا ہے
جھپٹ رہا ہے کوئی کہ مجھ سے مری ہر اک چیز چھین لے وہ
مگر خدا ہے کہ میری جرأت کو ذوقِ تسخیر دے رہا ہے
مرے وطن کا علم زمانے کے ہر علم سے بلند ہوگا
کہ جذبۂ دل حسین خوابوں کو حسنِ تعبیر دے رہا ہے

(نسیم سیفی) ۵۷/۱۱

Digitized by Khilafat Library Rabwah

امراء کرام صدر صاحبان جماعت احمدیہ کی خدمت میں گزارش

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے بارہ میں حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے مجلس مشاورت ۱۹۷۷ء کے موقعہ پر ارشاد فرمایا:۔

"آئندہ سے اصولاً میٹرک تھرڈ ڈویژن اور سترہ سال سے زیادہ عمر کا لڑکا جامعہ احمدیہ میں داخل نہ کیا جائے۔ سوائے میری خاص اجازت کے۔"

اور انصار اللہ مرکزیہ کے سالانہ اجتماع ۱۹۸۰ء کے موقعہ پر ارشاد فرمایا:۔

"جماعت کو ایثار پیشہ ذہین مبلغین کی بہت زیادہ ضرورت ہے۔ اور اللہ تعالیٰ نے جماعت کو ذہن بھی دیا ہے اور ایثار بھی دیا ہے۔ اخلاص بھی دیا ہے۔ لیکن اخلاص اور ایثار کے بعض پہلو پوری طرح ابھی چمکے نہیں۔ پالش نہیں ہوئی انہیں پالش کریں انکو۔ بچے دیں جامعہ کے لئے لیکن ذہین بچے۔ اب میں نے قانون بنایا ہے کہ اصل تو مجھے چاہئیں فرسٹ ڈویژن۔ لیکن سیکنڈ ڈویژن والوں کو ایک حد تک برداشت کر لیں گے لیکن تھرڈ ڈویژن والوں کو نہیں لیں گے۔"

اس سلسلہ میں گزارش ہے کہ قبل ازیں جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے درخواستیں موصول ہونے کی آخری تاریخ ۳۰ جون ۱۹۸۱ء مقرر کی گئی تھی۔ لیکن امیدواران اور آپ کی سہولت کے لئے اس میں ۲۰ جولائی ۱۹۸۱ء تک توسیع کر دی گئی ہے۔ اس کے بعد آنے والی درخواستوں پر غور نہیں ہو سکے گا۔

میٹرک کے امتحان کا نتیجہ نکل چکا ہے۔ آپ کی خدمت میں درخواست کی جاتی ہے کہ براہ مہربانی آپ اپنے حلقہ میں حضور کے ارشاد کے مطابق جماعت کے ایسے ذہین ہونہار دین کا شوق رکھنے والے مخلصین نوجوانوں کو وقف زندگی اور جامعہ احمدیہ میں داخلہ کی پُرزور تحریک فرمائیں۔ جن کی تعلیم کم از کم سیکنڈ ڈویژن ہو اور عمر ۱۷ سال یا اس سے کم ہو اور کوشش فرمائیں کہ ایسے نوجوان آئیں جن کے اخراجات کا زیادہ سے زیادہ بوجھ ان کے والدین یا سرپرست خود اٹھا سکیں۔

امید ہے آپ اس بارہ میں جو کوشش فرمائیں گے اس سے خاکسار کو بھی مطلع فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو زیادہ سے زیادہ مقبول خدمت سلسلہ کی توفیق عطا فرمائے۔ اور آپ کی کوششوں میں برکت ڈالے آمین

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے درخواست مقامی جماعت کے امیر یا صدر صاحب کی وساطت سے آنی چاہیئے اور درخواست میں امیدوار کی عمر تعلیم میٹرک کے امتحان میں حاصل کردہ نمبر اور ڈویژن کی تصدیق بھی فرمائیں۔

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے درخواست مقامی جماعت کے امیر یا صدر صاحب کی وساطت سے آنی چاہیئے۔ درخواست میں امیدوار کی عمر تعلیم میٹرک کے امتحان میں حاصل کردہ نمبر اور ڈویژن کی تصدیق بھی فرمائیں۔

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے درخواست دہندگان کا انٹرویو انشاء اللہ العزیز عید الفطر کے بعد وکالت دیوان تحریک جدید میں ہوگا۔ معین تاریخ کا اعلان عنقریب اخبار الفضل میں کر دیا جائے گا۔ اور امیدواروں کو علیحدہ تحریری طور پر بھی اطلاع دی جائے گی۔

نوٹ نمبر ۱۔ ۲۰ جولائی تک توسیع اس لئے کی گئی ہے تاکہ آپ اس بارہ میں مزید تحریک اور کوشش فرما سکیں۔

نوٹ نمبر ۲۔ انٹرویو سے قبل امیدواران سے مطلوبہ کوائف مکمل کرنے کے لئے امراء، اضلاع اور قائدین اضلاع خدام الاحمدیہ کی خصوصی توجہ اور تعاون کی ضرورت ہوگی کیونکہ کوائف مکمل ہونے پر ہی ان کے وقف اور داخلہ کی منظوری کا معاملہ حضور کی خدمت میں پیش ہوگا۔

وکیل الدیوان تحریک جدید ربوہ

حضور انور کی آواز

جماعتی ترقی کا راز اس بات میں مضمر ہے کہ ہم کی ہر آواز کو ہر احمدی مرد، عورت اور بچے تک پہنچائیں اور اس پر خود بھی عمل کریں اور دوسروں کو بھی عمل کرنے کی تلقین کریں۔ ہمیں دنیا کے بدلتے ہوئے حالات میں جس راہنمائی کی ضرورت ہے، وہ ہمیں

حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ بنصرہ العزیز ہی سے مل سکتی ہے۔ آیئے ہم حضور کی آواز کو ہر شخص تک پہنچائیں۔ اور اس بات کا بھی اہتمام کرے کہ اس کو عملی جامہ پہنایا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے۔ آمین

نظام کی پابندی ہم سب کا فرض ہے۔ اور ہمارے نظام کے محور ہمارے واجب الاحترام امام ہیں۔ مسلمین کرام اور جماعت کے دیگر عہدیدار بھی مہربانی فرما کر اس بات کا اہتمام فرمائیں کہ حضور کی ہر آواز جماعت کے افراد تک پہنچے۔ باقی تمام کاموں کو اس کام کی ایک شاخ سمجھا جائے۔

چندے

چندے:۔ اگر آپ کا کوئی دوست جماعتی چندوں کی ادائیگی میں سست ہے تو اسے ضرور توجہ دلائیے مگر نرمی کے ساتھ اس لئے کہ نرمی سختی کی نسبت زیادہ مؤثر ہوتی ہے اور اس کا اجر دوہرا ہوتا ہے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

چند سطور بطور یاددہانی

پانچ روپے کے منی آرڈر کے سلسلہ میں تردد کرنے کی بجائے آپ

تحریک جدید (ماہتاعہ)

کا سالانہ چندہ اپنے باقی جماعتی چندوں کے ساتھ بھی ادا فرما سکتے ہیں۔

اگر یہ چندہ آپ کے ذمہ واجب الادا ہے تو مزید تاخیر نہ فرمائیے۔

سو مرض کی دوا "اضمول" مصدقہ دواخانہ ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

DAWA KHANA HAKEEM NIZAM JAN.

(Established Since 1911)

CHAWK GHANTA-GHAR GUJRANWALA.

(ANWARJAN.)

CHILDREN SPECIALIST AVAILABLE

۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام (ھُوَ الشَّافِی) دواخانہ حکیم نظام جان ربوہ بالمقابل ایوان محمود

فون نمبر ۴۰۶

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان

چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ فون نمبر ۷۳۹۹

کراچی میں جائیداد

کی

خرید و فروخت کے لئے

سلطان احمد طاہر — سلیمان احمد طاہر

پراپرٹی لنکس سے رابطہ پیدا کیجئے

۲۵/C کمرشل ایریا ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی ۱۴

ٹیلیفون نمبر:- ۵۴۲۳۸۱ ، ۵۴۲۳۸۴

اچھوتے اور بے مثل ڈیزائنوں میں

بیاہ شادی کے لئے

جڑاؤ اور سادہ سیٹ

چاندی کے خوشنما برتن ٹی سیٹ وغیرہ

فرحت علی جیولرز

کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور فون نمبر ۵۲۶۲۳

ہر قسم کا سامانِ سائنس
واجبی نرخوں پر خریدنے کے لئے
الائیڈ سائنٹیفک سٹور
گینٹ روڈ
فون نمبر ۶۴۵۰۰
کو یاد رکھیں

ہر قسم کی عمارتی لکڑی
دیودار کیل چیل پرتل کے لئے
ہمارے ہاں رجوع فرمائیں
سٹار مارکیٹرز
۵۲ فیروزپور روڈ
بالمقابل تھانہ اچھرہ لاہور
فون ۴۱۰ - ۴۱۷

کپڑے کی مشہور دکان
الفردوس
۸۵ بی انارکلی لاہور
الفردوس شال مرچنٹ
ہمارے ہاں ہر قسم کی گرم کشمیری کامدار شالیں زنانہ
و مردانہ دھسے اور گرم مرینہ تھوک و پرچون واجبی
داموں پر دستیاب ہیں۔ نیز ریڈی میڈ کرتے شلواریں
سوٹ وغیرہ بھی مل سکتے ہیں۔
الفردوس شال مرچنٹ
۸۵ بی انارکلی۔ لاہور

آپ کو معلوم ہی ہے کہ
حضرت خلیفۃ المسیح الاول کے مشہور شاگرد
حکیم نظام جان صاحب مرحوم کے دواخانہ کا
نام اب مشہور دواخانہ
ہو چکا ہے اور خط و کتابت کے لئے اب اتنا پتہ
ہی کافی ہے۔
مشہور دواخانہ چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ ۱۹۰
فون نمبر :- ۷۴۸۴۴
فون ربوہ: ۶۳۸
نگران عبدالحمید دہلوی

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے

اپنے معروف ادارہ

گلوب ٹمبر کارپوریشن

۲۶ نیو عمبر مارکیٹ ڈاوی روڈ

لاہور پر تشریف لاویں۔

فون نمبر:- ۵۳۴۳۰ ÷ ۶۰۲۲۰

رہائش ۶۱۹۳۰۔ فیکٹری ایریا رچنا ٹاؤن۔ ۷۱۰۷۰۰/

لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کے لئے ہم سے رابطہ پیدا کریں

ہر قسم کی کاروں اور جیپوں کی
کمانیوں، پٹوں نیز سلنسر بکس اور سنسر پائپ
کے لئے ہماری خدمات سے فائدہ اٹھائیں۔

میاں بھائی موٹر آٹو سٹور

۱۰ منٹگمری روڈ لاہور

فون نمبر

۳۰۵۳۹۶

۳۰۵۴۰۴

حکیم نظام جان صاحب (مرحوم) کے

مشہور مجربات

سنہ ۱۹۱۱ء سے شہرۂ آفاق

مشہور دواخانہ رجسٹرڈ

• چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ فون ۱۹۰

• فون نمبر ۷۴۸۴۴

• فون نمبر ۶۳۸

نگران: حکیم عبدالحمید زوجہ اوّل

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کے لئے

اپنے معروف ادارہ

پاک ٹمبر

نیو عمبر مارکیٹ

راوی روڈ لاہور

فون دکان ۶۲۶۱۸ } گویا د
فون رہائش ۵۳۵۰۰ } رکھیں